# اپنے نئے گھر میں خوش آمدید!

ہم مسرور ہیں کہ آپ نے یہاں رہنے کا انتخاب کیا ہے اور امید کرتے کہ آپ اور آپ کا خاندان اپنے نئے ہمسائے کو فورًا ہی اپنا گھر محسوس کرنے لگے گا۔ ہم چاہتے ہیں کہ آپ اپنے نئے گھر میں آرام دہ محسوس کریں اور یہ کہ ہمسائیوں کے ساتھ آپ کا میل جول خوشگوار اور باہم احترام پر مبنی ہو۔ آپ کے مالک مکان کے طور پر، ہم نے آپ کو ایسی معلومات فراہم کرنے کے لیے یہ رہنما ہدایت نامہ بنایا ہے جو آپ کو اپنے نئے ماحول میں گھل مل جانے میں مدد دے گا۔

---

## عمومی

### لیز ایگریمنٹ

آپ اور  بطور مالک مکان، ہمارے درمیان آنے والے تمام اہم مسائل لیز ایگریمنٹ کے تحت آتے ہیں، مثلا کرائے کی رقم اور لاگت یا کار کی ادائیگی (مثلا حرارت اور پانی)۔
برائے مہربانی اپنی نقل کو محفوظ مقام پر رکھیں!






### گھر کے قواعد


اپنے نئے ہمسائیوں کے ساتھ ایک خوشگور ماحول پیدا کرنے کے لیے سب سے اہم عمل گھر کے مقرر کردہ قوانین ہیں، جیسا کہ خاموشی کے گھنٹے یا ایک اچھا ہمسائیوں والا ماحول تیار کرنے کے لیے دیگر اہم مسائل۔

---

## کر سکتے ہیں


### حرارت

جب باہر ٹھنڈ ہو، تو اپنے گھر کو گرم کرنے کے لیے ریڈیئیٹرز استعمال کریں۔ درجہ حرارت کنٹرول کرنے کے لیے تھرموسٹیٹ کو سیٹ کریں۔ برائے مہربانی یاد رکھیں کہ اپنے کرائے کے ساتھ، آپ استعمال ہونے والی کسی بھی توانائی کے اخراجات (لاگت یا کار) کے لیے بھی ذمہ دار ہیں۔




### ہوا کا گزر

کھانے پکانے، کپڑے دھونے، نہانے اور غسل کرنے سے اپارٹمنٹ میں نمی پیدا ہوتی ہے۔ پھپھوندی بننے سے بچنے کے لیے، برائے مہربانی اپنے اپارٹمنٹ میں سے باقاعدگی سے ہوا کا گزر کروائیں۔ ہم روزانہ کم از کم تین یا چار مرتبہ ۵-۱۰ منٹ کے لیے کھڑکیاں کھلی رکھنے کی درخواست کرتے ہیں۔ برائے مہربانی اپارٹمنٹ سے ہوا کا گزر کرواتے ہوئے حرارت نہ چلائیں۔ کھڑکیاں کھولنے سے پہلے آپ حرارت کو زیرو (۰) پر رکھ سکتے ہیں۔ کھڑکیاں بند کرنے کے بعد آپ ریڈیئیٹرز کو واپس لگا سکتے ہیں۔



۴ x ۵ – ۱۰ منٹ۔


### کپڑے دھونا اور سکھانا

برائے مہربانی کپڑے دھوتے ہوئے کسی بھی طرح اپارٹمنٹ کو نقصان نہ پہنچنے کو یقینی بنائیں، جیسا کہ پھپھوندی پیدا ہونے دینا یا فرش یا دیواروں کو پانی سے نقصان۔ آپ کی لیز ایگریمنٹ میں اس بارے میں معلومات موجود ہیں کہ اپنے کپڑے کہاں سکھا سکتے ہیں۔



### غسل خانے

برائے مہربانی شاور یا ٹب کو صرف غسل کرنے یا نہانے کے لیے استعمال کریں۔
برائے مہربانی ٹائیلٹ کے باؤل میں ٹوائیلٹ پیپر کے علاوہ کچھ نہ پھینکیں۔
ساتھ ہی، برائے مہربانی ٹائیلٹ باؤل پر کھڑے نہ ہوں۔




### نلکے کا پانی

جرمنی میں نلکے کا پانی پینے کے لیے محفوظ سمجھا جاتا ہے اور کسی بھی خدشے کے بغیر کھانا پکانے اور پینے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔




### پانی

برائے مہربانی یقینی بنائیں کہ غسل خانے اور اپارٹمنٹ کے دیگر کمروں کے فرشوں پر بڑی مقدار میں پانی نہ گرایا جائے یہ عمارت کو سخت نقصان پہنچانے کا باعث بن سکتا ہے۔ برائے مہربانی ذہن میں رکھیں کہ آپ کو کرایے کے علاوہ اس پانی کے لیے بھی ادائیگی لازمًا کرنی ہو گی، جو آپ استعمال کرتے ہیں۔




### کھانا پکانا

برائے مہربانی کھانا پکانے کیلئے اپنے باورچی خانے کا چولہا اور اوون استعمال کریں۔ کبھی بھی کھانے کو براہ راست چولہے کے اوپر والے حصے پر یا اوون میں نہ ڈالیں – ہمیشہ کوئی مناسب دیگچی یا برتن استعمال کریں۔



### اپارٹمنٹ کا استعمال

آپ کو اپارٹمنٹ میں غیر مجاز مرمتیں یا تعمیر انجام دینے کی اجازت نہیں ہے۔ اس کا اطلاق خصوصا بجلی کی وائرنگ اور پانی کے پائپوں پر ہوتا ہے۔ اگر آپ کوئی تبدیلیاں کرنا چاہتے ہوں، تو برائے مہربانی تحریری اجازت کے لیے پہلے ہم سے رابطہ کریں۔




### حفاظت

تمام جگہوں پر ہوا میں کھلی آگ جلانا منع ہے: اپارٹمنٹ میں، بالکونی میں یا باہر کی جگہوں پر۔




### عمارت کی سیکورٹی

کسی قسم کے غیر مجاز شخص کا داخلہ روکنے کے لیے سامنے اور تہ خانے کے دروازے کو ہمیشہ کنڈی لگی ہونی چاہیے۔



### اپارٹمنٹ یا عمارت میں نقصان


کسی بڑے نقصان (مثلا پانی کا ٹوٹا ہوا پائپ) کی صورت میں، برائے مہربانی ہمیں فورًا مطلع کریں تاکہ ہم مرمت کا انتظام کر سکیں۔ شام کے اوقات اور ہفتے کے اختتامی دنوں میں، اپنی عمارت میں لگے ہوئے ہنگامی نمبروں پر کال کریں۔






### گھر کی دیکھ بھال

ہم آپ کو عمومی صفائی کا ایک درجہ برقرار رکھنے کا کہتے ہیں۔ برائے مہربانی نوٹ کریں کہ سٹیئر ویل آپ کے اپارٹمنٹ کا حصہ نہیں ہے اور چیزیں رکھنے کے لیے استعمال نہیں کیا جانا چاہیے۔ تمام خارجی راستوں کو پوری طرح صاف رکھنا اہم ہے۔ لہٰذا، سٹیئر ویلز میں کوئی چیز نہ رکھیں، بشمول فرنیچر، بچوں کے اسٹرالرز یا جوتے۔



**گند کو کہاں تلف کیا جائے؟**

اپارٹمنٹ کے باہر کی جگہوں پر، اپنی بالکونی سے یا ٹائلٹس یا سِنکس میں گند پھینکنا ممنوع ہے۔ جرمنی میں فاضل مادوں کو ماحولیاتی وجوہات کی بناء پر الگ کیا جاتا ہے۔ درست طریقے سے الگ کیے جانے کو یقینی بنانے کے لیے، برائے مہربانی احاطے میں گند کو الگ کنٹینرز میں رکھیں۔ پلاسٹکس کے لیے **خصوصی طور پر نشاندہی کردہ بنز** موجود **ہیں** (مثلا پیکجنگ، کینز، بیگز، پلاسٹک ریپ، مشروبات کے کارٹن)، **باورچی خانے سے بچی ہوئی چیزیں** (مثلا کھانا، استعمال شدہ پتی اور کافی گراؤنڈز، انڈوں کے چھلکے، خراب پھل اور سبزیاں، پرانے کٹے ہوئے پھول)، **کاغذ** (مثلا ڈبے، اخبار) اور **بقایا فضلہ (ایسی کوئی چیز جو دوسری بنز میں نہ آتی ہو)۔** اگر شیشے کے لیے الگ کنٹینر نہیں ہے، تو آپ شیشے کی بوتلوں اور جارز کو اپنی رہائش کے باہر کولیکشن بنز میں رکھ سکتے ہیں۔ اگر آپ فرنیچر یا دیگر کسی بڑی چیز کو تلف کرنا چاہتے ہیں، تو ہمارے ساتھ رابطہ کریں۔




---

## دوسروں کے ساتھ رویہ

**ہمسائیوں کے ساتھ باہمی تعلقات**

عمومی طور پر، ہمسائیوں کو ایک دوسرے کا خیال رکھنا چاہیے۔ اگر کوئی مسائل پیدا ہوتے ہیں، تو اس مسئلے کو پہلے اپنے ہمسائے کے ساتھ دوستانہ انداز میں مل کر حل کرنے کی کوشش کریں۔ اگر مسئلہ برقرار رہتا ہے، تو برائے مہربانی ہمارے ساتھ رابطہ کریں۔ ہم ایک دوستانہ حل تلاش کرنے کی کوشش کریں گے۔





**ملاقاتیں**

آپ کو اپنی مرضی کے مطابق جتنے چاہیں ملاقاتی رکھنے کی اجازت ہے۔ تاہم، برائے مہربانی اپنے ہمسائیوں کا خیال رکھیں۔ اگر آپ پہلے سے ہمسائیوں کو مطلع کر دیں، تو اونچی پارٹیوں کی وجہ سے ان کے تنگ ہونے کے امکانات کم ہوتے ہیں۔ آپ کو اپنے اپارٹمنٹ میں کسی کو مستقل طور پر رہنے دینے سے پہلے ہمیں اطلاع کرنی ہو گی۔


**خاموشی کے اوقات**

برائے مہربانی اپنے اپارٹمنٹ میں شور نہ کریں۔ میوزک سسٹمز، ریڈیوز اور ٹیلی ویژنز کو ضرورت سے زیادہ اونچا نہیں ہونا چاہیے۔ اس کا اطلاق خصوصی طور پر دن کے کھانے کے وقت (دن ۱:۰۰ سے دوپہر ۳:۰۰ بجے تک)، رات کے وقت (رات ۱۰:۰۰ سے صبح ۶:۰۰ بجے تک) اور اتوار اور عوامی چھٹیوں پر پورا دن ہوتا ہے۔




**پالتو جانور**

آپ کو پالتو جانور رکھنے سے پہلے ہمارے ساتھ رابطہ کرنے کی ضرورت ہے۔ برائے مہربانی آگاہ رہیں کہ ہمسائے کتے کے بھونکنے اور زمین پر جانور کا فضلہ دیکھ کر ناراض ہو سکتے ہیں۔ برائے مہربانی کتوں کے اپارٹمنٹ سے باہر لیش پر رکھیں۔




**باربی کیو**

اگر آپ بالکونی پر گرل کرنا چاہتے ہیں، تو برائے مہربانی اپنے ہمسائے سے پہلے رابطہ کریں تاکہ دھوئیں یا بدبو کی وجہ سے غیر متوقع تکلیف سے بچا جا سکے۔ آپ کو اپنی عمارت کے باہر ان مقاصد کے لیے متعین کردہ جگہوں پر ہی گرل کرنے کی اجازت ہے۔




## انٹرنیٹ، ٹیلیفون، ٹی وی اور ریڈیو




### انٹرنیٹ، ٹیلیفون، بجلی/گیس

اگر آپ کی لیز ایگریمنٹ میں انٹرنیٹ، کیبل، ٹیلیفون خدمات شامل نہیں ہیں، تو آپ کو خود ان کی درخواست کرنی ہو گی۔ اس کا اطلاق بجلی اور ساتھ ہی ساتھ گیس ہیٹنگ، اگر آپ کی عمارت میں موجود ہو تو، پر بھی ہوتا۔ جرمنی میں ان خدمات کے کئی فراہم کنندگان ہیں، جنہیں آن لائن منتخب کیا جا سکتا ہے (جیسا کہ www.verivox.de پر)۔




### ٹی وی اور ریڈیو

برائے مہربانی ہمارے ساتھ رابطہ کر لیں کہ آیا آپ کو اپنی بالکونی پر اینٹینا یا سیٹلائیٹ ڈش رکھنے کی اجازت ہے۔ جرمنی میں ٹی وی اور ریڈیو تک رسائی حاصل کرنے کے لیے، آپ کو لازمی طور پر اے آر ڈی، زیڈ ڈی ایف اور ڈیوشلینڈ ریڈیو کی "بیٹریگزسروس" کے ساتھ سائن اپ کرنا ہو گا اور دیگر یوٹیلٹیز کے علاوہ مطلوبہ فیس ادا کرنی ہو گی (www.rundfunkbeitrag.de)۔

## ہنگامی صورتحال میں




### ہنگامی حالت میں کیا کرنا چاہیے

کسی آگ یا حادثے کی صورت میں، آپ کسی بھی وقت ۱۱۲ پر کال کر کے ہنگامی خدمات سے فوری رابطہ کر سکتے ہیں۔ برائے مہربانی درج ذیل معلومات فراہم کریں:

- کون کال کر رہا ہے؟
- کیا ہوا؟
- کتنے لوگ متاثر / زخمی ہوئے؟
- واقعہ کہاں پیش آیا؟
- متعلقہ سوالات کا انتظار کریں

آگ کی صورت میں خود اور اپنے خاندان کو لے کر کسی محفوظ مقام پر چلے جائیں۔ اگر عمارت میں کوئی آگ لگی ہو، تو آپ کو ایلیویٹر استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے۔ برائے مہربانی پولیس اور ہنگامی خدمات کے افسران کی تمام ہدایات پر عمل کریں۔